# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 07 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۷/جنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ملک بھر میں HMPV وائرس سے اب تک پانچ شیر خوار متاثر؛ ریاستی حکومت جلد ہی رہنماء خطوط جاری کرنے کا وزیرِ اعلیٰ کا اعلان۔

☆ ریلوے کی ترقی سے بھارت ترقی کا ہدف جلد مکمل کرے گا: وزیرِ اعظم کا تیقن۔

☆ چھتیس گڑھ میں نکسلیوں کی بارودی سرنگ کے دھماکے میں آٹھ فوجی شہید۔

☆ مسّا جوگ قتل معاملے میں کُل جماعتی وفد کی جانب سے گورنر کو محضر پیش۔

اور۔۔۔☆ تلجا بھوانی دیوی کے شاکمبھری نوراتر تہوار کی آج سے شروعات؛ گیارہ تاریخ کو جل کمبھ یاترا۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ملک میں پانچ افراد HMPV وائرس سے متاثر ہوئے ہیں۔ وزارتِ صحت کے مطابق کرناٹک میں تین اور آٹھ ماہ کے شیر خوار بچے، گجرات کے احمد آباد میں دو ماہ کے بچے اور تامل ناڈو کے چنئی اور سالیم میں اس وائرس کے مریض پائے گئے ہیں۔ کرناٹک میں پائے جانے والے تین ماہ کے بچے کو اسپتال سے چھٹی دے دی گئی، جبکہ آٹھ ماہ کے بچے کا ابھی بھی علاج چل رہا ہے۔

دریں اثناء یہ سانس کی ایک عام بیماری ہے جس میں سردی اور بخار کی علامات ظاہر ہوتی ہیں۔ اس بیماری کا وائس اوپری سانس کی نالی میں انفیکشن کا سبب بنتا ہے۔ اسی مناسبت سے مرکزی محکمۂ صحت نے ایک سرکلر جاری کیا ہے۔ یہ بھی واضح کیا گیا ہے کہ یہ کوئی نیا وائرس نہیں ہے۔ وزارتِ صحت نے کہا ہے کہ اس سلسلے میں ضروری احتیاط برتنے کی ضرورت ہے اور گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔

وزارتِ صحت نے کہا ہے کہ شہری کھانسنے یا چھینکنے کے وقت رومال کا استعمال کریں، عوامی مقامات پر جانے سے پرہیز کریں، سینیٹائزر یا صابن سے ہاتھ دھوئیں، مصافحہ کرنے اور بیمار شخص کے رابطے میں آنے سے گریز کریں۔

مہاراشٹر میں اب تک ایک بھی متاثر نہیں پائے جانے کی اطلاع ریاستی محکمۂ صحت نے دی ہے۔ محکمے نے شہریوں سے اس ضمن میں جاری کردہ ہدایات پر عمل کرنے کی اپیل کی ہے۔

دریں اثناء اس بیماری کے ضمن میں ریاستی حکومت کے رہنماء خطوط جلد ہی جاری کرنے کا وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ابتدائی معلومات کے مطابق یہ وائرس نیا نہیں ہے۔ اس سے قبل بھی یہ وائرس آ چکا ہے۔ دوبارہ اس کی آمد نظر آ رہی ہے۔ اس معاملے میں جو بھی ہدایات ہیں ہم انھیں جلد ہی جاری کریں گے۔

صحتِ عامہ کے وزیر پرکاش آبٹکر نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ محکمۂ صحت کی ہدایات پر عمل کریں اور کسی بھی افواہ پر یقین کیے بغیر اپنا خیال رکھیں۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ریلوے کی ترقی کی وجہ سے ترقی یافتہ بھارت کا ہدف جلد ہی حاصل ہو جائے گا۔ ریلوے سے متعلق مختلف منصوبوں کا سنگِ بنیاد اور افتتاح کل مودی نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے کیا۔ اس موقع پر وہ مخاطب تھے۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ ریلوے کو چار مختلف معیاروں کی بنیاد پر تیار کیا جا رہا ہے۔ انھوں نے کہا:

*"بھارت میں ریلوے کے وِکاس کو ہم چار پیرا میٹرس پر آگے بڑھا رہے ہیں۔ پہلے ریلوے کے انفراسٹرکچر کا ماڈرنائزیشن؛ دوسرا ریلوے کے یاتریوں کو آدھونِک سویدھا؛ تیسرا ریلوے کی دیش کے کونے کونے میں کنکٹیویٹی؛ چوتھا ریلوے سے روزگار کا نرمان؛ اُدیوگوں کو سپورٹ۔"*

***** ***** *****

چھتیس گڑھ کے وِیجاپور ضلع میں نکسلیوں کی طرف سے بارودی سرنگ کے دھماکے میں آٹھ سیکوریٹی اہلکار اور ایک ڈرائیور ہلاک ہو گئے۔ نکسلیوں نے کل کوتر ؤ بیدرے سڑک پر ایک بارودی سرنگ کا دھماکہ کیا، جب 15 رُکنی ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ یونٹ ایک مشترکہ کارروائی کے بعد دَنتے واڑہ سے گاڑی سے واپس آ رہا تھا۔ دھماکے کے بعد نکسلیوں نے سیکوریٹی اہلکاروں پر فائرنگ شروع کر دی۔ اس حادثے میں پانچ فوجی زخمی ہوئے ہیں، جن میں تین کی حالت نازک ہے۔

***** ***** *****

کُل جماعتی قائدین کے ایک وفد نے گورنر سی پی رادھا کرشنن نے ملاقات کی۔ وفد نے وزیر دھننجے منڈے کے استعفے کا مطالبہ کیا ہے، اسی طرح والمک کراڑ کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کیا جائے اور غیر جانبدار افسران کو تحقیقاتی ٹیم میں شامل کیا جائے۔ اس موقع پر قانون ساز کونسل میں اپوزیشن لیڈر امباداس دانوے، کانگریس لیڈر وجے وڈیٹیوار، رکنِ اسمبلی سندیپ شِرساگر، سابق رکنِ پارلیمان چھتر پتی سمبھاجی راجے موجود تھے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھتر پتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

دریں اثناء دھننجے منڈے نے صحافیوں کو اس معاملے میں جواب دیتے سے انکار کیا۔ انھوں نے کہا کہ جانچ ایجنسیاں ان کا کام بہتر طور پر کر رہی ہیں اور اس معاملے میں بولنا مناسب نہیں ہے۔ جب مجھے شک کی نگاہ سے دیکھا جائے تو اس جانچ پر بات کرنا میرے لیے مناسب نہیں ہے۔ جانچ مکمل ہونے دیں۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس کے لیڈر راوینا ش نائیکواڑے نے کہا ہے کہ وہ بیڑ کے سرپنچ سنتوش دیشمکھ کے قتل کے معاملے میں ضلع کی بدنامی کو روکنے کیلئے کوشش کریں گے۔ انھوں نے کہا کہ دھننجے منڈے پر جان بوجھ کر الزام لگایا جا رہا ہے۔ نائیکواڑے نے مطالبہ کیا کہ تشدد اور ذات پرستی کا ماحول بند ہونا چاہیے اور مجرموں کو سزائے موت ہونی چاہیے۔

دریں اثناء، سنتوش دیشمکھ قتل معاملے میں جئے رام چاٹے، مہیش کیدار، پرتیک گھلے، اور وشنو چاٹے ان چاروں افراد کی پولس حراست کل ختم ہو گئی۔ انھیں کیج عدالت میں حاضر کرنے پر عدالت نے وشنو چاٹے کی پولس حراست میں چار دِن جبکہ دیگر ملزمین کی حراست میں بارہ دن کا اضافہ کیا۔

***** ***** *****

بیڑ شہر میں کل آئین بچاؤ ریلی نکالی گئی۔ پربھنی کے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ کے خلاف بھی اس موقعے پر نعرے بازی کی گئی۔ اس موقع پر مطالبہ کیا گیا کہ سومناتھ سوریہ ونشی کے قتل کے ذمہ دار پولس افسران کے خلاف مقدمے درج کیے جائیں۔

***** ***** *****

گذشتہ روز درپن دن منایا گیا۔ مراٹھی صحافت کے بانی بال شاستری جامبھیکر کے ذریعے شروع کردہ درپن اس پہلے مراٹھی اخبار کی یاد میں یہ دن منایا جاتا ہے۔

نئی دہلی کے مہاراشٹر تعارفی مرکز میں مراٹھی صحافیوں کا دن منایا گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر امرجیوت کور اروڑا نے بال شاستری جامبھیکر کے مجسّمے کو پھول پہنا کر خراجِ عقیدت پیش کیا۔

وزارت اور مقنّنہ کے نامہ نگاروں کے اسوسی ایشن جرنلسٹ ایوارڈ کا کل اعلان کیا گیا۔ ریاستی کرپا سامک لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ بزرگ صحافی پرتیما جوشی کو، پرنٹ میڈیا کے ریاستی سطح کے ایوارڈ کا اعلان روزنامہ لوک مت ''ستارا'' کی نمائندہ پرگتی پاٹل کو، بہترین صحافی' اے پی بی ماجھا کے مندار گنجاری' جبکہ نیوز ٹیم کے بہترین رُکن کا ایوارڈ روزنامہ پڈھاری کے راجن شیلار کو دیا گیا۔

بیڑ ضلع رابطۂ عامہ دفتر اور جالنہ ضلع کلکٹر دفتر میں بال شاستری جامبھیکر کے مجسّمے کو پھول پہنا کر خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میں کُل ہند برہمن مہاسنگھ کی جانب سے میڈیا میں کام کرنے والے 151 افراد کو اعزاز سے نوازا گیا۔ ضلع جرنلسٹ اسوسی ایشن کی جانب سے دھاراشیو میں صحافیوں کیلئے طبّی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔

***** ***** *****

تلجاپور کی تلجا بھوانی ماتا کی منچکی نِدرا ختم ہونے کے بعد آج علی الصبح تخت پر براجمان کیا گیا۔ آج دوپہر بارہ بجے مورتی کی تنصیب کے ساتھ شاکمبھری نوراتر تہوار کی شروعات ہوگی۔ اس تہوار کی اہم تقریب جل کمبھ یاترا، 11 جنوری کو نکالی جائے گی۔ شاکمبھری نوراتر تہوار کے دوران، دیوی کی مختلف طریقوں سے پوجا کی جائیگی۔

***** ***** *****

ناندیڑ - منماڑ - ناندیڑ ڈیمو ریلوے گاڑی ناندیڑ اور پورنا کے درمیان جزوی طور پر منسوخ کی گئی ہے۔ آج سے 31 جنوری تک یہ ٹرین پورنا سے منماڑ کے درمیان ہی چلائی جائے گی۔

***** ***** *****

لاتور میں جاری 20 ویں ناندیڑ زونل پولس کھیل مقابلے آج اختتام پذیر ہو رہے ہیں۔ ان چار روزہ مقابلوں میں ہاکی اور تیرا کی کھیلوں کے لاتور، ناندیڑ، پربھنی اور ہنگولی کے پولس کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔

***** ***** *****

بیڑ کے رُکنِ اسمبلی سندیپ شرساگر نے سرکاری اسکیمات کو مؤثر طریقے سے عوام تک پہنچانے کیلئے انتظامیہ سے ایک کمیٹی بنانے اور گاؤں گاؤں میں معلوماتی کیمپوں کا انعقاد کرکے مستحقین کی رہنمائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ شرساگر نے تحصیلدار، بلاک ڈیولپمنٹ افسر اور زرعی افسر کو مطالبات پر مبنی مکتوب ارسال کیا ہے۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں :::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ملک بھر میں HMPV وائرس سے اب تک پانچ شیر خوار متاثر؛ ریاستی حکومت جلد ہی رہنماء خطوط جاری کرنے کا وزیرِ اعلیٰ کا اعلان۔

☆ ریلوے کی ترقی سے بھارت ترقی کا ہدف جلد مکمل کرے گا: وزیرِ اعظم کا تیقن۔

☆ چھتیس گڑھ میں نکسلیوں کی بارودی سرنگ کے دھماکے میں آٹھ فوجی شہید۔

☆ مسّاجوگ قتل معاملے میں کُل جماعتی وفد کی جانب سے گورنر کو محضر پیش۔

اور۔۔۔☆ تلجا بھوانی دیوی کے شاکمبھری نوراتر تہوار کی آج سے شروعات؛ گیارہ تاریخ کو جل کمبھ یاترا۔

***** ***** *****